بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شعبہ تعلیم لجنہ اماء اللہ یو۔کے

تعلیمی نصاب برائے ماہ

مارچ 2025

## 1۔قرآن کریم

- "سورۃ البُروج" آیات نمبر 13-23 بمعہ ترجمہ و تفسیر پڑھیں۔
- آیت نمبر 14 کی تفسیر، اس آیت کے کیا معنی بیان کرتی ہے؟
- آیت نمبر 23 فِیۡ لَوۡحٍ مَّحۡفُوۡظٍ کی کیا اہمیت ہے؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 208–212

تفسیرِ کبیر صفحہ نمبر 536-541: https://files.alislam.cloud/urdu/pdf/Tafsir-e-Kabir-Vol-11.pdf

## 2۔اسماء الحسنیٰ

- اللہ تعالیٰ کی صفت "الرَّزَّاقُ" (رزق عطا کرنے والا) کا مطالعہ کریں۔

- اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے "اور زمین میں کوئی چلنے پھرنے والا جاندار نہیں مگر اس کا رزق اللہ پر ہے۔ اور وہ اس کا عارضی ٹھکانہ بھی جانتا ہے اور مستقل ٹھہرنے کی جگہ بھی۔ ہر چیز ایک کھلی کھلی کتاب میں ہے"۔ (سورۃ ھُوۡد، آیت 7) پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطبہ جمعہ مورخہ 6 جون 2008 میں اس آیت کے متعلق بیان کرتے ہوئے فرمایا، اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے بڑے زوردار طریقہ سے یہ اعلان فرمایا ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ ہی ہے جو اس دنیا میں موجود ہر جاندار کو رزق مہیا کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی صفت "الرَّزَّاقُ" کے بارے میں پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ تفصیل سے سنیں اور اس بات پر غور کریں کہ یہ صفت کس طرح ہماری روزمرہ زندگی میں ظاہر ہوتی ہے اور ہمیں یاددہانی کرواتی ہے کہ ہم اپنی تمام ضروریات کے لئے خدا تعالیٰ کی طرف رجوع کریں۔

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 219

خطبہ جمعہ مورخہ 06/06/2008: https://www.alislam.org/friday-sermon/2008-06-06.html

## 3۔ نماز۔ قیام نماز کے روحانی سفر کی سات منزلیں

- مضمون 'قیام نماز کے روحانی سفر کی سات منزلیں' بیان فرمودہ حضرت مصلح موعودؓ میں سے قیام نماز کی مندرجہ ذیل دو منزلوں کا مطالعہ کریں۔

چوتھا درجہ نماز کے مطلب کو سمجھ کر ادا کرنا

پانچواں درجہ نماز میں پوری محویت حاصل کرنا

نماز کی اہمیت اور اصل غرض کو مزید بہتر سمجھنے کے لئے پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ مورخہ 15 فروری 2008 غور سے سنیں۔ پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں "اگر ان نمازوں کی حفاظت نہ کی تو جس طرح کھیت کی جڑی بوٹیاں فصل کو دبا دیتی ہیں یہ بدیاں بھی پھر نیکیوں کو دبا دیں گی۔ پس ہمارا کام یہ ہے کہ اپنی نمازوں کی اس طرح حفاظت کریں اور انہیں مضبوط جڑوں پر قائم کر دیں کہ پھر یہ شجر سایہ دار بن کر، ہر برائی سے ہماری حفاظت کرے"۔

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 170

خطبہ جمعہ مورخہ 15/02/2008: https://www.alislam.org/friday-sermon/2008-02-15.html

## 4۔ زبانی یاد کرنے کے لئے دعا

- قرآن کریم کی دعا زبانی یاد کریں: سورۃ البقرہ، آیت 256 (آیت الکرسی)

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴿۲۵۶﴾

ترجمہ۔ اللہ! اُس کے سوا اور کوئی معبود نہیں۔ ہمیشہ زندہ رہنے والا (اور) قائم بالذات ہے۔ اُسے نہ تو اُونگھ پکڑتی ہے اور نہ نیند۔ اُسی کے لئے جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے۔ کون ہے جو اس کے حضور شفاعت کرے مگر اس کے اذن کے ساتھ۔ وہ جانتا ہے جو اُن کے سامنے ہے اور جو اُن کے پیچھے ہے۔ اور وہ اُس کے علم کا کچھ بھی احاطہ نہیں کر سکتے مگر

جتنا وہ چاہے۔اس کی بادشاہت آسمانوں اور زمین پر ممتد ہے اور ان دونوں کی حفاظت اسے تھکاتی نہیں۔اور وہ بہت بلند شان (اور) بڑی عظمت والا ہے۔

حدیث میں آتا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہر چیز کی ایک بلندی ہوتی ہے اور قرآن پاک کی بلندی سورۃ البقرہ ہے۔ اس سورت میں ایک آیت ہے جو تمام آیتوں کی سردار ہے اور وہ آیت "آیت الکرسی" ہے۔(ترمذی)

ذرائع: تعلیم نصاب۔صفحہ نمبر 233

## 5۔تاریخِ اسلام۔سیرت خاتم النبیین ﷺ
## تصنیف حضرت مرزا بشیر احمد صاحبؓ ایم اے

- اس کتاب میں حضرت مرزا بشیر احمد صاحبؓ مسئلہ دعا کے متعلق تعلیم دیتے ہوئے فرماتے ہیں کہ دعا صرف ایک عبادت ہی نہیں ہے بلکہ حقیقی سوال کا رنگ بھی رکھتی ہے اور اللہ تعالیٰ حسبِ حالات اس سوال کو قبول کرتا اور اس پر نتیجہ مترتب فرماتا ہے۔

- جیسا کہ ہم رمضان کے بابرکت مہینہ میں دعاؤں کی طرف زیادہ توجہ دیتے ہیں، دعا کے متعلق اس مضمون کا مطالعہ کریں۔

ذرائع: تعلیم نصاب۔صفحہ نمبر 239-242




click to read

click to read